محکمہ جیل خانہ جات پنجاب

ٹینڈر نوٹس نمبر(C.B-06-2022-23)

صوبہ پنجاب کی جیلوں کے لیے برائے مالی سال 2022-23 خوردنی اشیاء لاٹ نمبر 1 جن کی تفصیل جدول میں درج ہے کی فراہمی کے لیے جیل گیٹ پیکج کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران اور میوفیکچررز/ملز مالکان/فلور سیلرز/ڈیلرز اور ایم/ایکس میں رجسٹرڈ/لائسنس یافتہ بااختیار ڈیلر حصہ لے سکتے ہیں تمام اشیاء کی (specifications) تصریحات ٹینڈر فارم کے ہمراہ منسلک ہیں۔ ٹینڈر دہندہ 04 عدد کوکنگ آئل (کنولہ) کے سیل شدہ سیمپل (بمطابق تصریحات بڈنگ ڈاکومنٹس) ٹینڈر کے ہمراہ مہیا کرنا ہونگے۔ ٹینڈر دہندگان بمطابق سیمپل مال سپلائی کریں گے۔ تمام ٹینڈر دہندگان، زرشمولیت جو کہ کل تخمینہ لاگت کا 2% جسکی تفصیل ذیل میں درج ہے نیز Bidding Documents اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دی گئی ہے، کال ڈیپازٹ (CDR) کی صورت جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ٹینڈر دہندگان سیریل نمبر 01 اور 02 میں درج شدہ اشیاء کے نرخ ریجن وائز یا تمام ریجن کی بنیاد پر بھی دے سکتے ہیں اور سیریل نمبر 03 میں درج شدہ اشیاء کے لئے ڈویژن کی بنیاد پر نرخ دے سکتے ہیں۔ تمام ٹینڈر دہندگان بشمول محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران اور فیبریکیٹرز، ملز مالکان، ڈیلر صاحبان ٹینڈر فارم (bidding documents) میں طلب کردہ تمام دستاویزات اپنی ٹیکنیکل بڈز کے ساتھ منسلک کرنے کے پابند ہونگے کاغذات مکمل نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل بنیاد پر Disqualify کر دیا جائے گا۔

تفصیل ریجن وائز

نمبر شمار	نام اشیاء	لاہور ریجن	لیہ آباد ریجن	سرگودھا ریجن	راولپنڈی ریجن	ساہیوال ریجن	ملتان ریجن	ڈی جی خان ریجن	بہاولپور ریجن	کل مقدار لیٹر/کلوگرام	کل تخمینہ لاگت روپے	کل زرشمولیت روپے
1	کوکنگ آئل (کنولہ)	123480	48720	39180	66600	37500	24680	20960	23715	384835	------	------
	اوسط تخمینہ لاگت	77792400	30693600	24683400	41958000	23625000	15548400	13204800	14940450	------	242446050	------
	زرشمولیت 2%	1555900	613900	493700	839200	472500	311000	264100	298900	------	------	4849200
2	نمک لاہت	20940	10512	8000	14096	------	------	4488	5076	63112	------	------
	اوسط تخمینہ لاگت	418800	210240	160000	281920	------	------	89760	101520	------	1262240	------
	زرشمولیت 2%	8400	4250	3200	5700	------	------	1800	2100	------	------	25450

تفصیل ڈویژن وائز

نمبر شمار	نام اشیاء	گوجرانوالہ	سرگودھا	کل مقدار کلوگرام	کل تخمینہ لاگت روپے	کل زرشمولیت روپے
3	لکڑی سوختی (شیشم/کیکر/دیسی ببلیر جڑیں اور پہاڑی کیکر (03 فٹ لمبائی اور 08 انچ تک موٹائی	777504	42250	819754	------	------
	اوسط تخمینہ لاگت	17882592	971750	------	18854342	------
	زرشمولیت 2%	357700	19500	------	------	377200

نوٹ:۔ مذکورہ درج بالا مقدار ایک اندازہ کے مطابق دی گئی ہے اس میں بیشی بمطابق پیپرا رولز ہو سکتی ہے۔

شرائط:

1۔ تمام اشیاء کے ٹینڈر پیپرا رول (a)(2)38 کے تحت ایک پیکٹ میں دو لفافے جن میں ایک پر ٹیکنیکل پروپوزل اور دوسرے پر فنانشل پروپوزل درج ہوگا، وصول کیے جائیں گے اصل زرشمولیت بصورت CDR بکل تخمینہ لاگت کا 02% کے مساوی ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی اور CDR کی فوٹو کاپی فنانشل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی۔

2۔ تمام ٹھیکیداران سربمہر لفافے ٹینڈر بکس میں مورخہ 13.04.2023 دن 11:00 بجے تک ڈالیں گے۔ پرچیز کمیٹی تمام، ٹینڈر دہندگان/اجازنامہ دہندگان کی موجودگی میں اسی روز بوقت 11:30 بجے ٹیکنیکل پروپوزل کھولیں گی۔

3۔ کوکنگ آئل (کنولہ) کے ٹینڈر دہندگان کو مروجہ لیب فیس اسی روز جمع کروانا ہوگی تاکہ مقررشدہ معیار (specification) کی جانچ پڑتال کے لئے ٹینڈر دہندگان کی طرف سے سیل شدہ سیمپل کی لیب کروائی جاسکے۔

4۔ سربمہر ٹینڈر بکس اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے دفتر میں روز اشاعت سے رکھ دیا جائے گا۔

5۔ نیز لفافوں پر واضح طور پر جلی حروف میں نام اشیاء اور ریجن/ڈویژن یا تمام پنجاب لکھا ہوا ہونا چاہیے۔

6۔ ٹینڈر کے ہمراہ متذکرہ اشیاء کی زرشمولیت تخمینہ لاگت کا 02 % حساب بصورت کال ڈیپازٹ جو کسی قومی شیڈول بنک کی بنی ہوئی ہو بنام انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب دینا ضروری ہے۔

7۔ کوکنگ آئل کا ٹینڈر فارم بعوض-/1500 روپے فی فارم جبکہ لکڑی اور نمک کا ٹینڈر فارم بعوض-/500 روپے فی فارم برائے مالی سال 2022-23 زیر دستخطی کے دفتر سے روز اشاعت سے دفتری اوقات کار میں مورخہ 13.04.2023 تک مقررہ وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے خرید کیے جاسکتے ہیں نیز ہر آئیٹم اور ریجن/ڈویژن کے لیے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فارم دینا ہوں گے ہر ٹینڈر کے ساتھ ٹینڈر خریدنے کی رسید لف کرنا ہوگی۔

8۔ بوقت سپلائی ہر قسم کے لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات وفیس ٹینڈر دہندگان کو ادا کرنے ہونگے نیز سپلائی بعد از معائنہ محکمانہ کمیٹی اور تسلی بخش رپورٹ لیبارٹری وغیرہ دینی ہوگی۔ معائنہ کمیٹی کوکنگ آئل کے ٹینڈر دہندہ کے مینوفیکچرنگ یونٹ کا دورہ کر سکے گی تاکہ پیداواری صلاحیت اور دیگر درکار معلومات حاصل کی جاسکیں۔ کوکنگ آئل اور نمک کی فراہمی جس کی شرح وتفصیل اوپر درج کی گئی ہے پاکستان خالص خوراک کے رولز 1965 ترمیم شدہ 2011 اور پنجاب خالص خوراک ضابطہ کار، 2018 کے عین مطابق ہونی چاہئے۔ کوکنگ آئل کی وہ فرمز/برانڈز جنکو پنجاب فوڈ اتھارٹی نے Blacklist کیا ہے وہ ٹینڈر میں حصہ نہیں لے سکتے۔

9۔ گذشتہ مالی سال میں ٹھیکہ کے مطابق مال سپلائی نہ کرنے اور غیر معیاری اشیاء سپلائی کرنے والے ٹھیکیداران اور ٹینڈر دہندگان کو مالی سال 2022-23 کے ٹینڈر میں حصہ لینے سے روکا جائے گا۔ محکمہ جیل کے صرف وہ ٹھیکیدار ٹینڈر میں حصہ لے سکیں گے جن کی رجسٹریشن کی تجدید برائے سال 202-23 ہو چکی ہوگی۔

10۔ کوکنگ آئل اور نمک کی فراہمی Punjab Pure Food Regulations, 2018 کے عین مطابق ہونی چاہئے جسکو باقاعدہ لیبارٹری یا متعلقہ محکمہ سے چیک کروایا جائیگا ٹیسٹ پر آمدہ خرچ کی تمام تر ذمہ داری بذمہ ٹینڈر دہندگان ہوگی۔

11۔ کوکنگ آئل کی انسپکشن ہیڈ آفس کی جانب سے مقررہ کردہ جگہ پر کروانی ہوگی۔ ترجیحاً ریجنل لیول کی منظور شدہ آئیٹمز کی انسپکشن متعلقہ ریجنل ہیڈ کوارٹر اور آل پنجاب آئیٹمز کی انسپکشن لاہور یا دیگر موزوں جگہ جو کہ ہیڈ آفس مقرر کرے وہاں کروانی ہوگی۔

12۔ ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں فرم متعلقہ کو منظوری کے بعد 07 یوم کے اندر اندر معاہدہ کرنا ہوگا بعد از معاہدہ 10 دن کے اندر اندر انسپکشن کی تاریخ دینا ہوگی اور 30 یوم کے اندر اندر انسپکشن کروانے کا پابند ہوگا۔ انسپکشن میں ناکامی کی صورت میں آفر منسوخ کر دی جائے گی اور زرشمولیت ضبط کر لی جائے گی۔

13۔ وہ ٹینڈر جو مندرجہ بالا شرائط پوری نہ کرتے ہونگے مسترد کر دیے جائیں گے۔ نیز انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو اختیار ہوگا کہ وہ سرکاری مفاد میں بمطابق پیپرا رولز کسی بھی شرط میں تبدیلی کے مجاز ہونگے۔

14۔ کوکنگ آئل کی پیکنگ ٹین وغیرہ ناقابل واپسی ہونگے۔

15۔ ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار/فرم کو پیپرا رول-56 کے تحت کل ٹھیکہ مالیت کے 02% کے مساوی Performance Guarantee بصورت CDR جمع کروانا لازمی ہوگا۔

16۔ تمام مروجہ ٹیکسز اور اشتہار ڈیوٹی کی ادائیگی بذمہ فراہم کنندہ فرم/ٹھیکیدار ہوگی۔

17۔ ٹینڈر میں دی گئی اشیاء کی مکمل تصریحات (Specifications) نقل (Bidding Document) مقدار اور زرشمولیت و دیگر شرائط PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) اور محکمہ جیل خانہ جات کی ویب سائٹ (www.prisons.punjab.gov.pk) پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور کسی شکایت یا مسئلہ کی صورت میں آئی جی اور ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹر) سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

1 آئی جی جیل خانہ جات پنجاب 042-99200465-66 2. ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹر) جیل خانہ جات پنجاب 042-99200473

3 مزید معلومات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے فون نمبر (042- 99200498,570-582) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

میاں فاروق نذیر
انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

CamScanner